QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 251

کیسکو نے 132kv واشک گرڈ اسٹیشن کی تعمیر کا کام مکمل کرلیا

کوئٹہ: 30 اپریل 2026ء۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر یوسف شاہ خان کی خصوصی ہدایات پر گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (جی ایس سی) نے نے واشک میں 132KV گرڈ اسٹیشن کی تعمیر کا کام مکمل کرلیا ہے۔ جسے گزشتہ روز باقاعدہ طور پر انرجائز کرکے آپریشنل کردیا گیا۔ کیسکو نے یہ منصوبہ 2022 میں شروع کرکے اپریل 2026 میں مکمل کرلیا ہے اور اس منصوبہ پر مجموعی طور پر 1405 ملین روپے تخمینہ لاگت آئی ہے۔ جسے کیسکو کے شعبہ جی ایس سی نے فیڈرل پی ایس ڈی پی فنڈز سے پایہ تکمیل تک پہنچادیا ہے۔ اس منصوبہ کی تکمیل میں ایک نئے گرڈ اسٹیشن کی تعمیر، ناگ گرڈ اسٹیشن سے واشک تک 82 کلومیٹر طویل 132Kv نئے ٹرانسمیشن لائن بچھانے، گرڈ اسٹیشن میں 20/26 ایم وی اے کا ایک نیا پاور ٹرانسفارمر نصب کرنے کے ساتھ ساتھ، گرڈ اسٹیشن سے 2 نئے 11kv فیڈروں کی تعمیر، کنٹرول روم اور رہائشی کوارٹرز کی تعمیر کا کام بھی شامل ہیں۔

صارفین کی سہولیات کے پیش نظر کیسکو کے شعبہ گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (جی ایس سی) کے انجینئرز اور فنی عملہ پر مشتمل ٹیم نے اس منصوبہ پر کام فروری 2022 میں شروع کرکے ریکارڈ مدت میں مکمل کرلیا جو کہ واشک اور اس سے ملحقہ علاقوں کے عوام کا ایک دیرینہ مطالبہ بھی تھا۔ اس نئے 132kv گرڈ اسٹیشن کی تکمیل کے بعد اب اُن متعلقہ علاقوں کے تمام صارفین کو مستحکم وولٹیج کے ساتھ بجلی کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔

نمبر: کیسکو پی آر 252

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 30 اپریل 2026ء۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ اور ترقیاتی منصوبوں کے تحت برقی لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبوں کی تنصیب کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 03 مئی (بروز اتوار) مری آباد گرڈ اسٹیشن کے 11kv گلستان روڈ، حالی روڈ اور سٹی فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv پی ٹی وی، اسٹیڈیم، مارک فیکٹری، پی اے ایف فیڈرز، سریاب گرڈ کے بی ایم سی اور شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv آریا ہسپتال اور کڈنی سینٹر فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

###